بسم اللہ الرحمن الرحیم

قرآن مجید کے الفاظ اور انداز بیان میں تدبر-17

اس عظیم مہینے میں قرآن مجید کے پیارے الفاظ اور خوبصورت انداز بیان پر غور و فکر کا درس جاری ہے۔
آج کی نشست میں قرآن مجید کے خوبصورت انداز بیان میں سے تضمن کے انداز پر بات کرتے، جس کا مطلب یہ ہے کہ جو لفظ بیان کیا جارہا ہے وہ لفظ بھی مراد ہے لیکن اسکے ساتھ دوسرے لفظ کا چھپا ہوا معنی بھی اس سے زیادہ مراد ہے لیکن اس لفظ کو اس لیے بیان کیا گیا ہے کیونکہ اس چھپے ہوئے معنے تک پہنچنے کے لیے اس لفظ کا ہونا ضروری ہے اور اس انداز بیان کے لیے حرف جر کا ہونا ضروری ہوتا ہے، آیئے اس تضمن کے پیارے انداز کی چند مثالیں بیان کرتے ہیں، ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا عِبَادُ اللَّهِ يُفَجِّرُونَهَا تَفْجِيرًا ۝٦﴾ [الإنسان: 6]

دوسری آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

﴿عَيْنًا يَشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُونَ ۝٢٨﴾ [المطففين: 28]

یشرب میں ارتوا یعنی پیاس بجھانے کا معنے بھی شامل ہے لیکن پینے کی لذت ارتوا کی لذت سے الگ ہے اس خوبصورت انداز بیان میں دونوں لذتوں کو شامل کردیا ہے، اور یہ اللہ تعالیٰ کا یہ اپنے ان خاص بندوں پر خاص کرم ہے کہ انہیں ان دونوں لذتوں سے نوازا ہے۔
اس تضمن کے خوبصورت انداز بیان کی دوسری مثال: ارشاد باری تعالیٰ ہے:

﴿سَبَّحَ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيزُ الْحَكِيمُ ۝١﴾ [الحديد: 1]

اور دوسری آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿يُسَبِّحُ لِلَّهِ مَا فِي السَّمَاوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ ①﴾ [الجمعة: 1]

تسبیح میں اخلاص اور خضوع دونوں شامل ہیں، اخلاص بغیر تسبیح کے بھی ممکن ہے، یعنی کسی بھی عبادت کے لیے اخلاص کا ہونا ضروری ہے اور تسبیح بھی عبادت ہے اسی لیے تسبیح کے لیے اخلاص کا ہونا لازمی ہے، اگر یُسبح کی جگہ یُخلص ہوتا تو اس میں تسبیح شامل نہ ہوتی ان دونوں کو صرف ایک لفظ سبح یا یُسبح سے متعین کر دیا۔ سبحان اللہ۔ تاکہ تسبیح کرنے والے ان دونوں کے خیر سے محروم نہ ہو اور یہ سب رب ذوالجلال کے بہت سارے احسانات اور انعامات میں سے صرف ایک جھلک ہے۔ اور شرعی اصول یہ ہے کہ رب کریم نے ہمیشہ اپنے بندوں کی بھلائی کا ارادہ کیا ہے۔

واللہ أعلی وأعلم۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ ہمیں قرآن مجید کی تلاوت کا حق ادا کرنے اور اس میں غور و فکر کرنے کی اور صحیح عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے، توحید اور سنت اور منہج السلف الصالحین پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے، اور ہر وبا، فتنے اور شر پسندوں کے شر سے محفوظ فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

سبحانك اللهم وبحمدك أشهد أن لا إله إلا أنت أستغفرك وأتوب إليك

یہ رسالہ ڈاکٹر مرتضی بن بخش (حفظہ اللہ) کے آڈیو درس (رمضان اور قرآن-17) سے لیا گیا ہے۔